# اربعین قرآن

قرآن کریم سے متعلق چالیس احادیث

چار زبانوں میں

ناشر

الحرمین پبلشرز پاکستان کراچی

# احادیث قرآن

قرآن کریم کے بارے میں

۴۰ احادیث کا مجموعہ

۴ زبانوں میں

ناشر

الحرمین پبلیشرز پاکستان کراچی

# کتاب کی شناخت


نام کتاب ——— احادیث قرآن
تالیف ——— قدرت اللہ حسینی شاہ مرادی
ترجمہ فارسی ——— قدرت اللہ حسینی شاہ مرادی
ترجمہ انگریزی ——— سید اشتیاق حسین
ترجمہ اردو ——— سید ذوالفقار علی زیدی
مطبع ——— سندھ آفسٹ پریس کراچی
سال طباعت ——— ۱۹۹۲ء
ایڈیشن ——— اوّل
ہدیہ ——— ۲۰ روپے
صفحات ——— ۶۴
تعداد ——— ایک ہزار

ناشر ——— الحرمین پبلیکیشنز پاکستان کراچی
رابطہ ——— پوسٹ بکس ۱۵۵۵۶
پوسٹ کوڈ ۷۵۵۳۰ کراچی۔



جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ

مَنْ حَفِظَ مِنْ أُمَّتِي
أَرْبَعِينَ حَدِيثاً مِمَّا يَحْتَاجُونَ إِلَيْهِ مِنْ أَمْرِ دِينِهِمْ
بَعَثَهُ اللهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ
فَقِيهاً عَالِماً

"میری امت میں سے جو کوئی شخص چالیس ایسی حدیثیں زبانی یاد کرے جن کی دینی امور میں ضرورت پڑتی ہے تو خداوند کریم اسے قیامت کے دن فقیہ اور عالم کی صورت میں محشور فرمائے گا۔"

از أمّت من
هر که چهل حدیث حفظ و نگهداری کند
ـ أحادیثی که به أمر دینشان مربوط است و مورد نیاز آنها است ـ
خدا، روز رستاخیز، او را فقیه و عالم برانگیزد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# "نور ہدایت"

خداوند عالم نے جس کی عظمت و جلالت کا ادراک اور اس ...ن ممکن نہیں
حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایک ایسے زمانے میں اپنے پاس بلایا جب
ان کا لایا ہوا دین تمام پہلوؤں سے کامل ہو چکا تھا۔ اور اس کی نعمات اتمام کو پہنچیں
تھیں اور قرآن جس میں ہر چیز کا تفصیلی بیان موجود ہے حضور اکرمؐ پر نازل ہوا قرآن
جس میں حلال و حرام، اور حدود و احکام جو کسی بھی پہلو لوگوں کے لئے ضروری تھے
مکمل طور پر اس میں بیان ہو چکے ہیں۔ جیسے کہ ارشاد ہوا "**ما فرطنا فی الکتاب من
شیء**" "ہم نے اس کتاب میں کوئی کمی نہیں چھوڑی ہے" (سورہ انعام آیت ۳۸)

اسی طرح حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے فرمایا "قرآن میں ہر بیماری کے
لئے شفا موجود ہے" (مکارم اخلاق صفحہ ۳۰۳) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کی زندگی کے آخری سال حجتہ الوداع کے موقع پر آیت کریمہ نازل ہوئی جس کا ترجمہ
یوں ہے۔

"آج ہم نے تمہارے دین کو تمہارے لئے کامل کر دیا اور میں نے اپنی نعمات تم
پر تمام کیں اور اسلام کو تمہارے لئے دین قرار دے کر راضی ہوا" (سورہ مائدہ
آیت ۳)

اس آیت کی رو سے "امر امامت" دین کے کمال و اتمام کا باعث قرار پایا۔
رسول اکرمؐ نے تاکید فرمائی ہے کہ قرآن اور عترت اہل بیتؑ کی پیروی کی
جائے۔ آپؐ نے فرمایا ہے۔"میں تمہارے درمیان دو گراں قدر چیزیں چھوڑے جار
ہوں۔ اللہ کی کتاب قرآن اور میری عترت اہل بیتؑ جب تک تم ان دونوں کے ساتھ
تمسک رکھو گے کبھی بھی گمراہ نہیں ہو جاؤ گے" (صحیح ترمذی)

اپنے اہل بیتؑ کے بارے میں فرمایا۔

"میرے اہل بیت زمین پر خدا حجت ہیں اور اللہ مخلوق پر اس طرف سے گواہ ہیں۔ جو کوئی ان کی اطاعت کرتا ہے اس نے گویا خدا کی اطاعت کی اور جس نے ان سے روگردانی کی تو گویا خدا سے منہ پھیرلیا اور اس کی نافرمانی کی یہ لوگ قرآن کے ساتھ ہیں اور قرآن ان کے ساتھ ہے۔ یہاں تک کہ حوض کوثر پر میرے ساتھ ملاقات کریں۔ اماموں میں سے پہلے علیؑ ہیں جو ان میں سے بہترین ہیں ان کے بعد میرا بیٹا حسنؑ، ان کے بعد حسینؑ، اور ان کے نو فرزند اور ان کی والدہ میری بیٹی فاطمہؑ ہیں خدا ان پر رحمت نازل کرے۔"

احادیث کا مجموعہ جو معصومین علیہم السلام کی منتخب روایات اور احادیث کا مجموعہ ہے جس کی عبارت کا ہر ہر جملہ لکھنے والے اور پڑھنے والے کے لیے ہدایت کا نور ہے۔ اور سیر الی اللہ کا راستہ بتاتا ہے۔ ساتھ ہی محققین اور علم و ادب کے شائقین کے لئے اسلام کی معرفت حاصل کرنے اور نفسانی کمالات اور الٰہی مقصد کی طرف ایک محکم قدم ثابت ہوگا۔

اور اہل بیتؑ کے پیروکاروں کے لئے جو بیک وقت قرآن اور اہل بیتؑ سے تمسک رکھتے ہیں کے لئے ایک بیش بہا ذخیرہ قرار پائے گا امید ہے کہ پروردگار عالم کی عنایات و رحمتوں کی بنا پر ہم سب اس عظیم الٰہی مقصد پر کامیاب ہو جائیں۔ اور قرآن و عترت کی اتباع کرتے ہوئے قیامت کے دن ان کی شفاعت کے حقدار ٹھہریں۔

ادارہ

بسم الله الرحمن الرحيم

۱ ـ إختصاص مفيد، صفحه ۱۴۱ (از إمام صادق عليه‌السلام).

... اَللّٰهُمَّ اِنّي نَشَرْتُ عَهْدَكَ وَكِتابَكَ. اَللّٰهُمَّ فَاجْعَلْ نَظَري فيهِ عِبادَةً وَقِراءَتي فيهِ فِكْراً وَفِكْري اعْتِباراً. وَاجْعَلْني مِمَّنْ اَتَّعِظُ بِبَيانِ مَواعِظِكَ فيهِ وَاجْتَنِبُ مَعاصيكَ.... وَلاتَجْعَلْ قِراءَتي قِراءَةً لاتَدَبُّرَ فيها، بَلِ اجْعَلْني اَتَدَبَّرُ آياتِهِ وَاَحْكامَهُ اَخِذاً بِشَرايِعِ دينِكَ، وَلاتَجْعَلْ نَظَري فيهِ غَفْلَةً وَلاقِراءَتي مِنْهُ هَذَراً، اِنَّكَ اَنْتَ الرَّؤُوفُ الرَّحيمُ.

(۱)۔ خداوندا میں نے تیری کتاب اور عہد نامے کو کھولا ہے۔

میرے معبود! اس پر پڑی ہوئی میری نظر کو عبادت قرار دے اور جو کچھ پڑھا ہے اسے تفکر قرار دے اور میرے تفکر کو عبرت کا سامان بنا۔

مجھے ان لوگوں میں شمار کر جنھوں نے تیرے نصیحت آمیز ارشادات سے نصیحت حاصل کی ہو۔ اور تیری نافرمانی سے دور رہے ہوں۔

میرے پڑھنے کو ایسی قرات قرار نہ دے جس میں تدبر اور غور و فکر نہ ہو بلکہ مجھے یہ توفیق عطا فرما کہ تیرے احکام پر عمل کرتے ہوئے آیات پر غور و فکر کروں۔ میری نظر کو غافل اور قرآت کو بے کار قرار مت دے۔

بے شک تو مہربان اور رحمدل ہے۔

بارإلّها! عهد و پیمان و کتاب ترا باز کردم.

بار إلّهـا! نگاهم را در آن، عبادت (و دعا) بـحساب آور و خواندنم را تفکّر! و فکرم را عبرت اندوزی! قرار بده!.

و مرا از کسانی قرار ده که؛ با اندرزهایت کـه در آن بیان کردی، موعظه شدند! و از معاصی تو دوری گزیدند!....

و قرائتم را قرائتی قرار مده که در آن تدبّر و اندیشه نیست! بلکه؛ مرا آنچنان بدار که ــ با إجرای دستور دینت ــ در آیات و أحکامش تدبّر کنم. و دید و نظرم را در آن، بیخبری! و خـواندنم را بیهوده قرار مده!. همانا؛ تنها توئی که رؤوف و رحیمی!.

1)O'LORD: I HAVE OPENED THE BOOK AND THE TESTAMENT.

MY GOD: TREAT MY VISION WHICH FALLS ON IT, AS PRAYER AND WHATEVER I HAVE READ TURN IT INTO THOUGHTFULNESS AND MAKE MY THOUGHTFULNESS THE SOURCE OF ADMONITION.

.. COUNT ME AMONGST THOSE WHO WERE AMENABLE TO THY GOOD COUNSEL AND KEPT THEMSELVES AWAY FROM THY DISOBEDIENCE.

DO NOT TREAT MY READING SUCH RECITATION WHICH LACKS THOUGHTFULNESS AND PRUDENCE BUT EXTEND YOUR DIVINE GUIDANCE IN FOLLOWING YOUR COMMAND AND FULLY CONCENTRATE ON THE VERSES.

.. DO NOT MAKE MY VISION AS NEGLIGENT AND THE RECITATION AS WORTHLESS.

.. NO DOUBT THOU ART MOST AFFECTIONATE AND MERCIFUL.

۲ ـ الفقيه، جلد ٤ صفحه ۳۹۹ رقم ۵۸۵۵ و أمالی صدوق، مجلس ٤١ رقم ٦ و معانی الأخبار، از صفحه ۱۷۷ تا صفحه ۱۷۸ و خصال، جلد ۱، صفحه ۷ و کنز العمّال، جلد ۱ صفحه ۵۱۰ رقم ۲۲۵۹.

رسول خدا صلّی‌الله علیه وآله وسلّم فرمود:

**قارِئُ الْقُرْآنِ وَالْمُسْتَمِعُ فِي الْأَجْرِ سَواءٌ**

(۳):۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔
"قرآن پڑھنے والا اور سننے والا اجر و ثواب میں برابر ہیں"۔

قرائت کننده و مستمع قرآن، در أجر (وثواب) برابرند.

(3) THE HOLY PROPHET (S.A.) SAID:
"THOSE WHO RECITE QURAN AND THOSE WHO LISTEN IT, DESERVE EQUAL VIRTUOUS REWARD."

❋

۳ ـ مستدرک الوسائل، جلد ۱ صفحه ۲۹۳.

رسول خدا صلّی‌الله علیه وآله وسلّم فرمود:

أَشْرافُ أُمَّتِي حَمَلَةُ الْقُرْآنِ وَأَصْحابُ اللَّيْلِ

(۲):۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔
"میری امت کے شریف ترین لوگ حاملین قرآن اور نماز تہجد قائم کرنے والے ہیں۔"

أشراف اُمّت من، حاملین قرآن و شب زنده‌داران‌اند.

(2) THE HOLY PROPHET (S.A) SAID:
"THE VIRTUOUS MEN AMONGST MY FOLLOWERS ARE THE BEARERS OF QURAN AND ARE RESPONSIBLE FOR ESTABLISHING THE PRAYERS IN THE EARLY HOURS OF THE MORNING".

*

۴ ـ أمالي طوسي، جلد ۱ از صفحه ۵ تا صفحه ٦ و كنز العمّال، جلد ۱ صفحه ۵۱۲ رقم ۲۲۷۱.

رسول خدا صلّى‌الله عليه وآله وسلّم فرمود:

لَا يُعَذِّبُ اللهُ قَلْباً وَعَى الْقُرْآنَ.

(۴) ـ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔
"خداوند عالم کسی ایسے دل پر عذاب نہیں کرے گا جو قرآن کا ظرف ہے"۔

خدا، قلبی را که ظرف قرآن است عذاب نکند.

(4) THE HOLY PROPHET (S.A.) SAID:
"GOD WILL NOT PUNISH SUCH HEART THAT CONTAINS QURAN".

۵ ـ أمالي طوسى، جلد ۱ صفحه ۳۶۷ و مستدرک الوسائل، جلد۱ صفحه ۲۸۸ (از دُرر اللّئالي إبن أبـى جمهـور) و كـنز العمّال، جلد ۱ رقمهای ۲۲۹۶ و ۲۳۵۱ و ۲۳۵۲.

رسول خدا صلّی‌الله علیه وآله وسلّم فرمود:

خِیارُکُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ

(۵) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔

"تم میں سے بہترین وہ ہیں جو قرآن کی تعلیم حاصل کرکے دوسروں کو تعلیم دیتے ہیں"۔

بهترين شما كسى است كه؛ قرآن ياد بگيرد و آنـرا يـاد بدهد.

(5) THE HOLY PROPHET (S.A) SAID:
"SUCH PERSONS AMONGST YOU ARE VIRTUOUS WHO THEMSELVES LEARN QURAN AND TEACH OTHERS".

*

٦ ـ کافی، جلد ۲ صفحه ٦٠٦ و ثواب الأعمال صدوق، صفحه ۱۲۷ و کنزالعمّال، جلد ۱ رقمهای ۲۲٦٦ و ۲۲٦۷ (با إختلاف در عبارت) و ۲٤٥٥.

إمام صادق علیه‌السّلام فرمود:

إِنَّ الَّذِي يُعَالِجُ الْقُرْآنَ وَيَحْفَظُهُ بِمَشَقَّةٍ مِنْهُ وَقِلَّةِ حِفْظٍ لَهُ أَجْرَانِ.

"جو شخص قرآن کو یاد کرتا ہے اور حافظہ کی کمی کے باوجود محنت و مشقت کے ساتھ حفظ کرتا ہے تو اس کے لئے دو اجر ہیں۔"

ایک حفظ کرنے کا دوسرا مشقت اٹھانے کا۔

کسی که در فراگیری قرآن، کوشش کند! و بخاطر کمی حافظه، آنرا بسختی حفظ کند! برای او دوپاداش است.

(۱ ـ برای حفظ قرآن.

۲ ـ برای تحمّل سختی آن.)

(6) "WHOEVER MEMORISES THE QURAN AND INSPITE OF HIS BAD MEMORY WORKS HARD TO LEARN IT, IS ENTITLED TO A DOUBLE REWARD ONE FOR THE MEMORIZATION AND THE OTHER FOR THE HARD WORK".

❋

۷ ـ كافی، جلد ۲ صفحه ۶۰۳ رقم ۲ و أمالی صدوق، مجلس ۱۴ رقم ۶ و ثواب الأعمال صدوق، صفحه ۱۲۷ و كنز العمّال، جلد ۱ رقمهای ۲۲۶۶ و ۲۲۶۷ و ۲۴۵۵.

إمام صادق عليه‌السلام فرمود:

اَلْحافِظُ لِلْقُرْآنِ الْعامِلُ بِهِ مَعَ السَّفَرَةِ الْكِرامِ الْبَرَرَةِ.

(۷) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے۔
"قرآن پر عمل کرنے والا حافظ قرآن ایک نیکوکار سفیر ہے جو فرشتوں کا ہمنشین ہے"۔

حافظ قرآن كه عمل كنندهٔ آن است، همنشينِ فرشتگانِ پيام‌آورِ نيكرفتار است!.

(7)HAZRAT IMAM JAFAR-E-SADIQ (A.S) SAID: "THE MAN WHO MEMORIZES QURAN AND FOLLOWS IT, IS A VIRTUOUS ENVOY AND COMPANION OF ANGLES".

*

۸ ـ نهج‌البلاغه (شرح فیض الإسلام) خطبهٔ ۱۰۹ صفحه ۳۳۰.

حضرت علی علیه السّلام فرمود:

...وَتَعَلَّمُوا الْقُرْآنَ فَإِنَّهُ أَحْسَنُ الْحَدِيثِ، وَتَفَقَّهُوا فِيهِ فَإِنَّهُ رَبِيعُ الْقُلُوبِ، وَاسْتَشْفُوا بِنُورِهِ فَإِنَّهُ شِفَاءُ الصُّدُورِ، وَأَحْسِنُوا تِلَاوَتَهُ فَإِنَّهُ أَنْفَعُ الْقَصَصِ....

(۸) حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا۔
"قرآن کی تعلیم حاصل کرو کیونکہ یہ بہترین گفتار ہے، اس میں غور و فکر کرو کیونکہ یہ دلوں کی بہار ہے، اس کے نور سے شفایابی حاصل کرو کیونکہ یہ سینوں کے لئے شفاء ہے۔ اچھی طرح اس کی تلاوت کرو کیونکہ اس کی حکایات فائدوں سے پر ہیں"۔

... قرآن را بیاموزید که آن بهترین گفتار است. و در آن تفقّه کنید که آن، بهار دلها است؛ (در آن، فکر و اندیشه بکار برید و عمیقاً؛ جویای فهم و درک آن باشید). و از نورش شفا بگیرید که آن شفای سینه‌ها است. و نیکو تلاوتش کنید که آن نافعترین قصّه‌ها و پرسودترین داستانها است.

(8) HAZRAT ALI (S.A.) SAID:
"LEARN QUARNIC EDUCATION, FOR IT IS THE BEST DISCOURSE. CAREFULLY THINK OVER IT, FOR IT IS ALLURING TO THE HEART. GET CURE FROM ITS LIGHT, FOR IT HAS A HEALING POWER FOR THE HEART AND RECITE IT CAREFULLY FOR ITS STORIES ARE MOST ADVANTAGEOUS.

*

۹ ــ کافی، جلد ۲ صفحه ۶۰۳ رقم ۱ و ثواب الأعمال صدوق، صفحه ۱۲۵.

رسول خدا صلّی‌الله علیه وآله وسلّم فرمود:

إنَّ أهْلَ الْقُرْآنِ فِي أعْلىٰ دَرَجَةٍ مِنَ الْآدَمِيِّينَ مٰاخَلَا النَّبِيِّينَ وَالْمُرْسَلِينَ فَلاٰتَسْتَضْعِفُوا أهْلَ الْقُرْآنِ حُقُوقَهُمْ، فَإنَّ لَهُمْ مِنَ اللهِ الْعَزِيزِ الْجَبّارِ لَمَكٰاناً عَلِيّاً.

(۹) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔

"بے شک اہل قرآن انبیاء و مرسلین کے علاوہ انسانوں کے بلند ترین درجوں پر فائز ہیں۔

پس تم اہل قرآن کو ان کے حقوق کی ادائیگی کے بارے میں حقیر مت جانو اور یہ یقین رکھو کہ خداوند عالم کے ہاں ان کے لئے بلند مرتبہ ہے۔

أهل قرآن در عالیترین درجهٔ آدمیان ــ جز پیامبران و فرستادگان ــ واقع اند! بنابراین: شما أهل قرآن را با عدم رعایت حقوقشان (کوچک و) ضعیف نشمارید! و یقین بدانید که از جانب خدای عزیز جبّار! برایشان مقام بلند و والائی است!.

(9)THE HOLY PROPHET(S.A.)SAID:

"UNDOUBTEDLY THE PEOPLE OF QURAN, WITH THE EXCEPTION OF THE APOSTLES AND PROPHETS, ARE HOLDING MOST ELEVATED RANKS - SO DO NOT LOOK DOWN UPON THE PEOPLE OF QURAN IN PAYING THEM THEIR DUE SHARES AND REST ASSURED THEY ARE ENTITLED TO A DIGNIFIED PLACE IN THE KINGDOM OF GOD".

۱۰ ــ کافی، جلد ۲ صفحه ۶۰۹ رقم ۱.

إمام صادق علیه‌السّلام فرمود:

اَلْقُرْآنُ عَهْدُاللهِ إِلیٰ خَلْقِهِ، فَقَدْ یَنْبَغِی لِلْمَرْءِ الْمُسْلِمِ أَنْ یَنْظُرَ فِی عَهْدِهِ وَأَنْ یَقْرَأَ مِنْهُ فِی کُلِّ یَوْمٍ خَمْسِینَ آیَةً.

(۱۰) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا۔
"قرآن خداوند عالم کی طرف سے اس کی مخلوق کے لئے ایک معاہدہ ہے پس ایک مسلمان پر لازم ہے کہ اس عہد وپیمان پر نظر رکھے اور ایک دن میں کم از کم پچاس آیتیں پڑھے"۔

قرآن، پیمان خدا با خلق او است. بنابراین: برای شخص مسلمان، سزاوار است که بعهد و پیمانش بنگرد و هر روز پنجاه آیه از آن بخواند.

(10)HAZRAT IMAM JAFER-E-SADIQ(A.S.) SAID: "QURAN IS AN AGREEMENT BETWEEN GOD AND HIS CREATURES, SO IT IS INCUMBENT UPON THE MUSLIMS TO KEEP A STRICT EYE ON IT AND RECITE AT LEAST 50 VERSES A DAY".

❋

۱۱ ــ کافی، جلد ۲ صفحه ۶۰۹ رقم ۲.

إمام سجّاد علیه‌السّلام فرمود:

آیاتُ الْقُرْآنِ خَزائِنُ، فَکُلَّما فُتِحَتْ خِزانَةٌ یَنْبَغِی لَکَ أَنْ تَنْظُرَ ما فیها.

(۱۱) حضرت امام سجاد علیہ السلام نے فرمایا۔

"قرآن کی آیات خزانوں کا ایک مجموعہ ہیں ہر زمانے میں اس کا ایک خزانہ کھل جاتا ہے۔ تمہیں چاہئے کہ دیکھو اس میں کیا ہے"۔

آیات قرآن، گنجینه‌هایی است! که هر زمان، گنجینه‌ای باز شد، برای تو شایسته است بنگری که در آن چیست!.

(11)HAZRAT IMAM-E-SAJJAD (A.S) SAID:

"THE VERSES OF QURAN ARE A COLLECTION OF TREASURES AND ONE OF THESE TREASURES OPENS EVERY TIME - THEREFORE YOU SHOULD SEE AS TO WHAT IS THEREIN".

۱۲ ـ كافى، جلد ۲ صفحه ٦٠٦ رقم ۱۰ و ثواب الأعمال صدوق، صفحه ۱۵۷ رقم ۱۰ (با اندک إختلاف) وأمالى صدوق، مجلس ۵۷ رقم ۱۰ ووافى، جزء ١٤ صفحه ٦٥ در وصيّت أمير المؤمنين عليه السّلام به محمّد بن حنفيّه. وكنز العمّال، جلد ۱ رقمهاى ۲۳۱۱ و ۲۳۳۰ و ۲۳۳۱ و ٢٤٢٤.

إمام كاظم عليه السّلام فرمود كه:

...فَإِنَّ دَرَجَاتِ الْجَنَّةِ عَلَىٰ قَدْرِ آيَاتِ الْقُرْآنِ، يُقَالُ لَهُ: اِقْرَأْ وَارْقَ. فَيَقْرَأُ ثُمَّ يَرْقَىٰ.

(۱۲) حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے فرمایا۔
"بہشت کے درجات آیات قرآنی کے مطابق ہیں انسان سے کہا جائے گا پڑھتے جاؤ اور اوپر بڑھتے جاؤ وہ پڑھتا جاتا ہے اور ترقی کے مدارج طے کرتا جاتا ہے"۔

درجات بهشت، باندازهٔ آيات قرآن است!. بانسان گفته مى‌شود: بخوان و بالا برو. او هم مى‌خواند، آنگاه بالا مى‌رود.

(12) HAZRAT IMAM-E-MOOSA KAZIM(A.S.) SAID:

"THE STAGES OF PARADISE ARE IN CONSONANCE WITH THOSE OF QURAN. PEOPLE WILL BE DIRECTED TO KEEP ON READING AND GO ON ASCENDING. HE WHO KEEPS ON READING IS TRAVERSING STEP BY STEP".

❋

۱۳ ـ کافی، جلد ۲ صفحه ٦١١ رقم ۲ و ثواب الأعمال صدوق، صفحه ۱۲۷.

إمام صادق علیه‌السّلام فرمود:

مَا یَمْنَعُ التَّاجِرَ مِنْکُمُ الْمَشْغُولَ فِی سُوقِهِ إِذَا رَجَعَ إِلَی مَنْزِلِهِ أَنْ لَا یَنَامَ حَتَّی یَقْرَأَ سُورَةً مِنَ الْقُرْآنِ فَتُکْتَبَ لَهُ مَکَانَ کُلِّ آیَةٍ یَقْرَؤُهَا عَشْرُ حَسَنَاتٍ وَیُمْحَی عَنْهُ عَشْرُ سَیِّئَاتٍ.

(۱۳) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا
"تمہارے تاجروں اور کاریگروں کو کیا ہوا ہے کہ جب وہ اپنے کام کی جگہوں سے لوٹ کر گھر آئیں تو سونے سے پہلے قرآن کی ایک سورت ضرور پڑھیں تاکہ پڑھی ہوئی ہر آیت کے بدلے اس کے لئے دس نیکیاں لکھی جائیں اور دس برائیوں کو محو کیا جائے"۔

تاجر (و کاسب) شما که در محلّ کار خود مشغول است، چه مانعی دارد آنگاه که به منزل خویش برگشت، نخوابد! تا سوره‌ای از قرآن بخواند، تا بجای هر آیه‌ای که می‌خواند، ده حسنه برای او نوشته شود! و از او، ده سیّئه زدوده گردد!.

(13)HAZRAT IMAM JAFER-E-SADIQ(A.S) SAID:
"WHAT HAS HAPPENED TO YOUR ARTISANS AND TRADERS, FOR WHEN THEY RETURN FROM THEIR PLACES OF WORK, MUST RECITE ONE VERSE OF QURAN BEFORE GOING TO BED, SO THAT THEY MAY BE REWARDED 10 VIRTUES AS AGAINST ONE VERSE AND 10 VICES MAY BE ELIMINATED FROM THEIR RECORD".

❋

۱۴ ــ الفقيه، جلد ۱ صفحه ۲۳۹ رقم ۷۲۳ وثواب الأعمال صدوق، صفحه ٦١ و علل الشّرايع، جزء دوّم باب ۲۹۸ رقم ۲.

أمير المؤمنين عليه‌السّلام فرمود كه:

إِنَّ اللهَ عَزَّوَجَلَّ لَيَهُمُّ بِعَذَابِ أَهْلِ الْأَرْضِ جَمِيعًا حَتَّىٰ لَايُحَاشِيَ مِنْهُمْ أَحَدًا إِذَا عَمِلُوا بِالْمَعَاصِي وَاجْتَرَحُوا السَّيِّئَاتِ، فَإِذَا نَظَرَ إِلَى الشَّيْبِ نَاقِلِي أَقْدَامِهِمْ إِلَى الصَّلَاةِ، وَالْوِلْدَانِ يَتَعَلَّمُونَ الْقُرْآنَ رَحِمَهُمْ فَأَخَّرَ ذَالِكَ عَنْهُمْ.

(۱۴) حضرت امیرالمومنین علیہ السلام نے فرمایا۔
"جب روئے زمین کے باسی نافرمانی کا ارتکاب کرتے ہوئے گناہوں میں مبتلا ہوتے ہیں تو خداوند عالم ان میں سے ہر ایک کو عذاب میں مبتلا کرنا چاہتا ہے لیکن جب دیکھتا ہے کہ بوڑھے لوگ نماز پڑھنے جارہے ہیں اور بچے قرآن سیکھنے میں مصروف ہیں تو رحمت خدا جوش میں آتی ہے اور ان پر عذاب کو موخر کرتا ہے"۔

أهل زمين، چون: بعصيان و تبهكاري مبتلا شوند، خداى عزّوجلّ! إراده كند كه همهٔ آنها را ــ بدون إستثناء ــ عذاب كند. أمّا چون: نظر كند كه سالخوردگان بسوى نماز گام بر مى‌دارند! و كودكان مشغول يادگيرى قرآن‌اند، عفو و رحمت خود را به آنان نثار كند! و عذاب آنها را بتأخير اندازد.

(14) HAZRAT AMEER-UL-MOMINEEN (A.S) SAID:

"WHEN THE DWELLERS OF EARTH BECOME DISOBEDIENT AND ARE INVOLVED IN SINFULNESS, THEN GOD INTENDS TO PUNISH EACH ONE OF THEM. BUT WHEN HE OBSERVES THAT OLDER PEOPLE GO TO PRAY AND YOUNGER ONES ARE BUSY IN LEARNING QURAN, THEN GOD'S DIVINE-FAVOUR PREVAILS AND THE PUNISHMENT IS POSTPONED".

*

۱۰

ازفرمایشات حضرت امام ر علیه م :

عبدالسلام بن صالح هروی گفت درحضور ابوالحسن حضرت امام رضا علیه السلام نشسته بودیم که آنحضرت فرمودند :

رحمت خدا باد برکسی که احکام ما را زنده نگه میدارد .» من پرسیدم :
چگونه احکام شما را زنده نگه میدارد ؟

ت فرمود : تعلیمات ما را فرا میگیرد و بدیگران تعلیم میدهد و بدینگونه مردم ویژگیها ، وخوبی های کلام ما را یاد می گیرند و درنتیجه پیرو ما می شوند .

(انگریزی ترجمه صفحه ۳۶)

مسند امام رضا علیه السلام

۱۵ ـ کافی، جلد ۲ صفحه ٦٠٤ رقم ٥.

رسول خدا صلّی‌الله علیه وآله وسلّم فرمود که:

إِنَّ أَحَقَّ النَّاسِ بِالتَّخَشُّعِ فِي السِّرِّ وَالْعَلَانِيَةِ لَحَامِلُ الْقُرْآنِ. وَإِنَّ أَحَقَّ النَّاسِ فِي السِّرِّ وَالْعَلَانِيَةِ بِالصَّلَاةِ وَالصَّوْمِ لَحَامِلُ الْقُرْآنِ.

(۱۵) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔
"جو شخص اپنے ظاہر و باطن میں خشوع کرنے کا حقدار ہے وہ حامل قرآن ہے اور اپنے ظاہر و باطن میں نماز روزہ کی پابندی کرنے کا سب سے بڑا حقدار حامل قرآن ہے"۔

سزاوارترین کسی که شایسته است خود را در نهان و عیان به خضوع و خشوع وادار کند، حامل قرآن است. و سزاوارترین مردم به نماز و روزه ـ در نهان و عیان ـ حامل قرآن است.

(15) THE HOLY PROPHET (S.A.) SAID:
"ONE WHO DESERVES TO BE CALLED HUMBLE AND MEEK, INSIDE AS WELL AS OUTSIDE, IS THE BEARER OF QURAN, AND ONE WHO REGULARLY OFFERS PRAYER AND FASTS, VISIBLY SECRETLY, DESERVES TO BE CALLED AND AS ACQUAINTANCE OF QURAN".

*

۱۶ ـ مستدرک الوسائل، جلد ۱ صفحه ۲۸۸.

رسول خدا صلّی‌الله علیه وآله وسلّم فرمود:

مُعَلِّمُ الْقُرْآنِ يَسْتَغْفِرُ لَهُ كُلُّ شَيْءٍ حَتَّى الْحُوتِ فِي الْبَحْرِ.

(۱۶) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔
"دنیا کی تمام چیزیں قرآن پڑھانے والے کے لئے مغفرت طلب کرتی ہیں یہاں تک کہ سمندر کی مچھلیاں بھی"۔

همه چیز برای معلّم قرآن، طلب آمرزش می‌کند! حتّی ماهی در دریا.

(16) THE HOLY PROPHET(S.A) SAID:
"EVERY THING IN THE WORLD PRAYS FOR THE SALVATION OF TEACHER OF QURAN, EVEN FISHES IN THE SEA".

❋

١٧ ـ كافي، جلد ٢ صفحه ٦١٣ رقم ٤ و ثواب الأعمال صدوق،
صفحه ١٢٨.

إمام صادق عليه‌السّلام فرمود:

قِراءَةُ الْقُرْآنِ فِي الْمُصْحَفِ تُخَفِّفُ الْعَذابَ عَنِ الْوالِدَيْنِ وَلَوْ كانا كافِرَيْنِ.

(١٧) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا۔
"قرآن کریم کی ناظرہ تلاوت کرنے پر (تلاوت کرنے والے کے) والدین سے عذاب ہلکا ہوتا ہے اگرچہ وہ دونوں کافر ہی کیوں نہ ہوں"۔

خواندن قرآن از روی خود قرآن، عذاب پدر و مادر را سبک کند، اگر چه آن دو، کافر باشند.

(17) HAZRAT IMAM JAFER-E-SADIQ (A.S) SAID: "THE PUNISHMENT BECOMES MILD ON THE PARENT OF THOSE WHO READ QURAN BY SIGHT EVEN IF BOTH OF THEM MAY BE INFIDELS".

*

١٨ ـ ثواب الأعمال صدوق، صفحه ١٢٧.

إمام صادق عليه‌السّلام فرمود:

مَنْ قَرَأَ مِائَةَ آيَةٍ يُصَلِّي بِهَا فِي لَيْلَةٍ كَتَبَ اللهُ لَهُ بِهَا قُنُوتَ لَيْلَةٍ، وَمَنْ قَرَأَ مِائَتَيْ آيَةٍ فِي لَيْلَةٍ مِنْ غَيْرِ صَلَاةِ اللَّيْلِ كَتَبَ اللهُ لَهُ فِي اللَّوْحِ قِنْطَارًا مِنَ الْحَسَنَاتِ، وَالْقِنْطَارُ أَلْفُ وَمِائَتَا أُوقِيَّةٍ وَالْأُوقِيَّةُ أَعْظَمُ مِنْ جَبَلِ أُحُدٍ.

(۱۸) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا۔

"جو کوئی بھی کسی رات قرآن کریم کی سو آیتیں نماز میں پڑھے گا تو خداوند عالم اس بنا پر اسے ساری رات عبادت کا ثواب دے گا۔ نماز شب کے علاوہ کوئی دو سو آیتیں پڑھے گا تو اس کے نامہ عمل میں ایک قنطار ثواب لکھا جائے گا اور ایک قنطار ۱۲ سو اوقیہ کے برابر ہے اور ایک اوقیہ کوہ احد سے بڑھ کر ہے"۔

هر که در یک شب، صد آیه از قرآن را در نمازی بخواند، خدا باین وسیله، برای او عبادت سراسر شب بنویسد. و هر که در شبی، دویست آیه ـ در غیر نمازشب ـ بخواند، خدایتعالی! در لوح (عملش) برای او، قنطاری از حسنات بنویسد. و هر قنطار، هزار ودویست أُوقیّه است. و هر أُوقیّه، بزرگتر از کوه أُحُد است!.

(18) HAZRAT IMAM JAFER-E-SAIDQ (S.A) SAID: "ALMIGHTY GOD WILL BESTOW REWARD EQUAL TO PRAYERS OF ONE FULL NIGHT UPON THOSE WHO RECITE 100 VERSES OF QURAN

DURING THE PRAYERS IN ANY ONE NIGHT. IF ANY BODY RECITES 200 VERSES, APART FROM THE 'NIGHT PRAYERS" (NAMAZE-E-SHAB), REWARD EQUAL TO ONE QINTAR WILL BE WRITTEN IN HIS RECORD OF DEEDS. (ONE QINTAR IS EQUAL TO 1200 OOQIA AND ONE OOQIA IS MORE THAN THE MOUNTAIN OF UHAD")

*

---

حضرت امام رضا علیہ السلام نے فرمایا۔
عبد السلام بن صالح ھروی نے کہا کہ میں نے ابوالحسن حضرت امام رضا علیہ السلام کو
فرماتے ہوئے سنا کہ آپ نے فرمایا۔
خدا کی رحمت نازل ہو اس بندے پر جو ہمارے احکام کو زندہ رکھتا ہے۔ میں نے پوچھا
کس طرح آپ کے احکام کو زندہ رکھتا ہے؟ فرمایا ہماری تعلیمات کو سیکھتا ہے اور دوسروں
کو سکھاتا ہے۔ اس طرح جب لوگوں کو ہمارے کلام کی خوبیاں معلوم ہوتی ہیں تو وہ ہماری
پیروی کرنے لگتے ہیں۔

(مسند امام رضا علیہ السلام)

(فارسی ترجمہ صفحہ ۲۱)

۱۹ ـ کافی، جلد ۲ صفحه ۶۱۱ رقم ۳ عبارات این حدیث در کنزالعمّال، جلد ۱ در شماره‌های زیر موجود است:
۲۳۲۲ و ۲۳۱۹ و ۲۳۱۵ و ۲۳۹۶.

إمام حسین علیه السّلام فرمود:

مَنْ قَرَأَ آيَةً مِنْ كِتَابِ اللهِ عَزَّوَجَلَّ! فِي صَلَاتِهِ قَائِمًا يُكْتَبُ لَهُ بِكُلِّ حَرْفٍ مِائَةُ حَسَنَةٍ، فَإِذَا قَرَأَهَا فِي غَيْرِ صَلَاةٍ كَتَبَ اللهُ لَهُ بِكُلِّ حَرْفٍ عَشْرَ حَسَنَاتٍ. وَإِنِ اسْتَمَعَ الْقُرْآنَ كَتَبَ اللهُ لَهُ بِكُلِّ حَرْفٍ حَسَنَةً. وَإِنْ خَتَمَ الْقُرْآنَ لَيْلاً صَلَّتْ عَلَيْهِ الْمَلَائِكَةُ حَتَّى يُصْبِحَ، وَإِنْ خَتَمَهُ نَهَارًا صَلَّتْ عَلَيْهِ الْحَفَظَةُ حَتَّى يُمْسِيَ وَكَانَتْ لَهُ دَعْوَةٌ مُجَابَةٌ وَكَانَ خَيْرًا لَهُ مِمَّا بَيْنَ السَّمَاءِ إِلَى الْأَرْضِ.

(۱۹) حضرت امام حسین علیہ السلام نے فرمایا۔
"جو کوئی اپنی نماز میں قیام کی حالت میں قرآن کی کوئی آیت پڑھے تو ہر حرف کے بدلے سو نیکیاں لکھی جائیں گی اگر نماز کے علاوہ پڑھے گا تو ہر حرف کے بدلے دس نیکیاں لکھی جائیں گی ۔ اگر ایک شخص قرآن سنتا ہے تو اسے ہر حرف کے بدلے ایک نیکی لکھی جائے گی اگر قرآن رات کے وقت ختم کیا جائے تو فرشتے صبح ہونے تک اس پر درود بھیجتے رہتے ہیں اگر دن کے وقت قرآن ختم کیا جائے تو فرشتے رات چھا جانے تک اس پر درود بھیجتے رہتے ہیں اور اللہ کے ہاں اس شخص کے لئے ایک قبول شدہ دعا معین ہے یہ دعا اور ختم قرآن آسمان و زمین کے درمیان کی موجودات سے اس کے لئے افضل ہے"۔

هر که در نمازش — در حال قیام — از کتاب خدای عزّوجلّ! آیه‌ای بخواند، برایش بهر حرفی صدحسنه نوشته شود. و اگر در غیر نماز آنرا بخواند، خدا برایش بهر حرفی ده حسنه بنویسد. و اگر بقرآن گوش بدهد، خدا برایش بهر حرفی حسنه‌ای بنویسد. و اگر قرآن را بهنگام شب بپایان برساند، فرشتگان بر او صلوات (و رحمت) فرستند! تا صبح فرا رسد. و اگر آنرا بهنگام روز بپایان برساند، فرشتگان نگهبان، بر او صلوات (و رحمت) فرستند! تا شب فرا رسد. و برای او، دعای إجابت شده‌ای (نزد خدا) است. و این (دعا و ختم قرآن) برایش از آنچه بین آسمان تا زمین است، بهتر است!

(19)HAZRAT IMAM HUSSAIN (A.S) SAID:
"IF ANY BODY RECITES ONE VERSE OF QURAN WHILE STANDING DURING THE PRAYERS, WILL GET REWARD OF 100 VERTUES, FOR EACH WORD. IF HE RECITES APART FROM THE PRAYERS, THEN 10 VERTUES WILL BE WRITTEN IN HIS RECORD. IF ANY ONE LISTENS QURAN, HE WILL BE ENTITLED TO ONE VIRTUE FOR EACH WORD. IF A MAN COMPLETES THE RECITATION OF QURAN DURING THE NIGHT, THEN THE ANGELS SEND THEIR SALUTATIONS TO HIM UPTIL DAWN. IF THE READING IS COMPLETED DURING THE DAY, THEN ANGELS SEND THEIR SALUTATIONS TILL THE SUNSET. THERE IS ONE

RECOGNISED BENEDICTION FIXED FOR THIS MAN AND THIS BENEDICTION AND THE COMPLETION OF QURAN IS SUPERIOR THAN ALL THE EXISTING THINGS BETWEEN THE EARTH AND SKY".

*

بِسْمِ ٱللهِ ٱلرَّحْمٰنِ ٱلرَّحِيم

عبد السّلام بن صالح الهروي قال : سمعت أبا الحسن الرّضا عليه السلام يقول :

رَحَمَ الله عَبْداً أحيىٰ أمرَنا ، فَقُلْتُ لَهُ : كَيفَ يُحْيي أمرَكُمْ؟ قال : يَتَعَلَّمُ عُلُومَنا وَيُعَلِّمُها النّاسَ ، فإنَّ النّاسَ لَوْ عَلِمُوا مَحاسِنَ كَلامنا لاتَّبَعُونا

مُسند الامام الرِّضا عليه السّلام (اردو ترجمہ صفحہ ۲۶)

۲۰ ـ عیون أخبار الرّضا (ع) جزء ۲ صفحه ۲٦.

رسول خدا صلّی الله علیه وآله وسلّم فرمود:

سِتَّةٌ مِنَ الْمُرُوَّةِ، ثَلاثَةٌ مِنْها فِی الْحَضَرِ وَثَلاثَةٌ مِنْها فِی السَّفَرِ. فَأَمَّا الَّتِی فِی الْحَضَرِ: فَتِلاوَةُ کِتابِ اللهِ عَزَّوَجَلَّ! وَعِمارَةُ مَساجِدِ اللهِ وَاتِّخاذُ الإخْوانِ فِی اللهِ. وَأَمَّا الَّتِی فِی السَّفَرِ: فَبَذْلُ الزّادِ وَحُسْنُ الْخُلْقِ وَالْمِزاحُ فِی غَیْرِ الْمَعاصِی.

(۲۰) حضور اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا۔
چھ چیزیں مردانگی اور مروت کی نشانی ہیں ان میں سے تین کا تعلق حضر اور تین کا تعلق سفر سے ہے۔ حضر کی تین چیزیں یہ ہیں اللہ کی کتاب کی تلاوت کرنا، مسجد آباد کرنا، صرف خدا کی خاطر دوست بنانا اور وہ تین چیزیں جو سفر سے متعلق ہیں یہ ہیں اپنے زاد راہ میں دوسروں کو شریک کرنا، حسن خلق سے پیش آنا اور ہنسی مذاق کرنا مگر اس میں اللہ کی نافرمانی نہ ہو"۔

شش چیز از مروّت و مردانگی است!. سه چیز آن در حضر است و سه چیز آن در سفر.

آنکه در حضر است: خواندن کتاب خدای عزّوجلّ! و آباد کردن مساجد خدا (با رفت وآمد و إحیای فرایض إسلام در مساجد) و إنتخاب دوست با انگیزهٔ خدائی.

وأمّا آنکه در سفر است: بخشش و بذل توشه، و حُسن خُلق، و شوخی در غیر معاصی.

(20) THE HOLY PROPHET (S.A) SAID:
"SIX THINGS ARE THE SYMBOL OF BRAVERY

AND KINDNESS, OUT OF WHICH 3 BELONG TO SOJOURN AND 3 TO TRAVEL. THE 3 RELATING TO SOJOURN ARE TO RECITE THE HOLY BOOK OF ALLAH, POPULATE THE MOSQUE, MAKE FRIENDS JUST FOR THE SAKE OF GOD, THE OTHER 3 THINGS WHICH RELATE TO TRAVEL ARE, TO SHARE WITH OTHERS IN ONE'S OWN PROVISIONS FOR JOURNEY, BE POLITE AND COURTEOUS AND PLAY JOKES AND HUMOR BUT REFRAIN FROM ANY SUCH ACT WHICH MAY BE TANTAMOUNT TO DISOBEDIENCE TO GOD".

❋

اِذَا الْمُؤْمِنُ مٰاتَ وَ تَرَكَ وَرَقَةً وٰاحِدَةً عَلَيْهٰا عِلْمٌ، تَكُونُ تِلْكَ الْوَرَقَةُ يَوْمَ الْقِيٰامَةِ سِتْراً فِيمٰا بَيْنَهُ وَ بَيْنَ النّٰارِ، وَ أَعْـطٰاهُ اللّٰهُ تَعٰـالٰى لِكُلِّ حَرْفٍ مَكْتُوبٍ عَلَيْهٰا مَدِينَةً أَوْسَعَ مِنَ الدُّنْيٰا سَبْعَ مَرّٰاتٍ....

حضور اکرمؐ نے فرمایا۔

ایک مومن مرجائے اور اپنے بعد علم پر مشتمل ایک ورق ہی چھوڑ جائے تو یہ ورق قیامت کے دن اس شخص اور آگ کے درمیان حجاب بن جائے گا۔ اور اس پر لکھے ہوئے ہر حرف کے بدلے خداوند عالم اسے ایک شہر عطا کرے گا جو اس دنیا سے سات گنا زیادہ وسیع ہو گا۔

الدرة الباہرة من الاصداف الطاہرہ (صفحہ ۱۹)

۲۱ ـ محاسن، صفحه ۵۵۸ رقم ۹۲۸.

رسول خدا صلّی الله علیه وآله وسلّم فرمود:

نَظِّفُوا طَرِيقَ الْقُرْآنِ.

قِيلَ: يٰارَسُولَ اللهِ! وَمٰا طَرِيقُ الْقُرْآنِ؟

قٰالَ: أَفْوٰاهُكُمْ.

قِيلَ: بِمٰاذٰا؟

قٰالَ: بِالسِّوٰاكِ.

حضور اکرمؐ نے فرمایا "قرآن کے راستے کو پاکیزہ رکھو۔ کہا گیا یا رسول اللہؐ قرآن کا راستہ کیا ہے فرمایا تمہارے دہن۔ کہا گیا ہم اسے کس طرح پاکیزہ رکھیں؟ فرمایا مسواک کے ذریعے۔

راه قرآن را پاکیزه کنید!

گفته شد: یارسول الله! راه قرآن چیست!؟

فرمود: دهانتان.

گفته شد: با چه چیز (پاکیزه کنیم)؟

فرمود: با مسواک.

(21) THE HOLY PROPHET (S.A.) SAID: "KEEP THE WAY OF QURAN CLEAN AND TIDY". SOME ONE ASKED THE MESSENGER OF GOD AS TO WHAT IS THE WAY OF QURAN? HE EXPLAINED: YOUR MOUTH. ASKED, AS TO HOW TO KEEP IT CLEAN.?HE REPLIED," THROUGH MISWAK" (KEEPING ONE'S TEETH CLEAN)

۲۲ ـ کافی، جلد ۲ کتاب فضل القرآن، صفحه ۵۹۹.

پیامبر أکرم صلّی الله علیه وآله وسلّم فرمود:

فَإِذَا الْتَبَسَتْ عَلَيْكُمُ الْفِتَنُ كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ فَعَلَيْكُمْ بِالْقُرْآنِ فَإِنَّهُ شَافِعٌ مُشَفَّعٌ وَمَاحِلٌ مُصَدَّقٌ وَمَنْ جَعَلَهُ أَمَامَهُ قَادَهُ إِلَى الْجَنَّةِ وَمَنْ جَعَلَهُ خَلْفَهُ سَاقَهُ إِلَى النَّارِ، وَهُوَ الدَّلِيلُ يَدُلُّ عَلَى خَيْرِ سَبِيلٍ...

(۲۲) حضور اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا۔

"جب فتنوں کی موجیں تمہیں اندھیری راتوں کی طرح گھیرلیں تو تم پر لازم ہے کہ قرآن پر عمل کرو کیونکہ قرآن شفاعت کرنے والا ہے اور اس کی شفاعت قبول کی جاتی ہے قرآن شکایت بھی کرتا ہے اور اس کی شکایت قبول کی جاتی ہے جس کسی نے قرآن کو اپنا ہادی اور پیشوا مانا تو اس کی ہدایت جنت کی طرف کی اور جس کسی نے قرآن کو پیچھے چھوڑا تو اسے جہنم ہانک کرلے جاتا ہے۔ قرآن بہترین راستے کی طرف ہدایت کرنے والا ہے"۔

هرگاه (موج) فتنه‌ها، چون شب تار، شما را فرا گرفت! بقرآن رو آورید که آن، شفاعت کننده‌ای است که شفاعتش مورد پذیرش است. و گزارشگر و شاکی (از رفتار خلایق) است! و شکایت او، مورد قبول (و عین واقعیّت) است. هر که او را هادی و پیشوای خود ساخت، بـه جنّت و رضوانش

رهبری کند. و هر که او را پشت سر نهاد، او را به آتش و نیران سوقش دهد. او، دلیلی است که بر نیکوترین راه دلالت کند...

(22) THE HOLY PROPHET (S.A.) SAID:

